MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کراچی
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ فون نمبر
Dailyaskarkhi@gmail.com
0331-8383955
جلد 15 | 17 جنوری، بروز جمعہ 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 252

# سندھ ہائی کورٹ یونان میں 200 سے زائد پاکستانیوں کے ڈوبنے کی انکوائری چیلنج

عدالت نے درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے 30 جنوری تک درخواست گزار اور دیگر کیخلاف کوئی کارروائی نہ کرنے کی ہدایت کی

عدالت نے سیکریٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے و دیگر کو نوٹس جاری کردیئے ،ڈوبنے والے متعدد افراد کراچی ائیرپورٹ سے لیبیا گئے تھے

کراچی (آئی این پی) یونان میں 200 سے زائد پاکستانیوں کے ڈوبنے کی انکوائری سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کردی گئی۔ سندھ ہائیکورٹ میں یونان میں 200 سے زائد پاکستانیوں کے ڈوبنے سے متعلق انکوائری کیخلاف اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایف آئی اے وسیع اللہ بھٹی کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے 30 جنوری تک درخواست گزار اور دیگر کیخلاف کوئی

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

## وزیرِ اعلیٰ پنجاب کا 3 کروڑ روپے کا بلا سود قرض دینے کا اعلان

جن کو 3 کروڑ سے زیادہ کا قرضہ چاہیے وہ بھی اپلائی کرسکتے ہیں، قرضہ ملنے کے بعد بھی اگر کوئی مشکل آتی ہے تو ہم مدد کریں گے

لاہور (آئی این پی) وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

## فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم پر احتساب ہونا چاہیے: شیری رحمٰن

اسلام آباد (آئی این پی) نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمٰن نے اسرائیل اور حماس کے غزہ میں جنگ بندی کے اعلان پر ردِ عمل کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ غزہ میں امن کی آڑ میں کوئی بھی غیر منصفانہ سمجھوتہ نہیں کیا جانا

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

## شدید دھند کے باعث موٹروے کے مختلف سیکشنز ٹریفک کے لیے بند

دھند میں لین کی خلاف ورزی حادثات کا باعث بن سکتی ہے' ترجمان موٹروے پولیس

لاہور (آئی این پی) شدید دھند کی وجہ سے لاہور، سیالکوٹ اور رحیم یار خان کے مختلف موٹروے حصے ٹریفک کے لیے بند کردیے گئے۔ موٹروے پولیس کے ترجمان سید عمران احمد کے مطابق لاہور سے ہرن مینار تک موٹروے ایم 2، سیالکوٹ سے لاہور تک موٹروے ایم 11 اور رحیم یار خان سے روہڑی تک موٹروے ایم 5 کو دھند کے باعث بند کیا گیا تاکہ عوام کی حفاظت اور محفوظ سفر کو یقینی بنایا جاسکے۔ موٹروے پولیس

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد میں سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# ڈیفالٹ کا خطرہ مکمل طور پر ٹل گیا عطاء اللہ تارڑ

عالمی اقتصادی فورم نے بھی پاکستان کی معیشت پر مثبت اشاریے دیدیئے، بانی پی ٹی آئی کو اپنے کئے کا خمیازہ بھگتنا ہوگا، وفاقی وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

پی ٹی آئی دور حکومت میں کابینہ سے بند لفافے کی منظوری دی گئی۔ کابینہ کے بند لفافے کے بعد جرمانہ سیٹل کر کے بانی چیئرمین پی ٹی آئی نے اربوں روپے کمائے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ عالمی اقتصادی فورم نے بھی پاکستان کی معیشت کے حوالے سے مثبت اشاریے دیئے ہیں، ملین پاؤنڈ میگا کرپشن کا سکینڈل ہے، جس کی ملکی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ بانی پی ٹی آئی کو اپنے کئے کا خمیازہ بھگتنا ہوگا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عالمی اقتصادی فورم نے پاکستان کی معیشت کے حوالے سے مثبت اشاریے دیئے ہیں۔ جس کے بعد ڈیفالٹ کا خطرہ مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا 190 ملین پاؤنڈ میگا کرپشن کا سکینڈل ہے۔ جس کی ملکی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ برطانیہ میں نیشنل کرائم ایجنسی نے شہباز شریف کو بے گناہ

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

## بیرون ملک بھاری مقدار میں منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام غیر ملکی گرفتار

اے این ایف کے مطابق ملزم کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے

ملزم نے منشیات مہارت کے ساتھ اپنے سفری بیگ میں چھپا رکھی تھی۔ ملزم غیر ملکی پرواز کے ذریعے تھائی لینڈ کے لئے روانہ ہو رہا تھا

کراچی (آئی این پی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے بھاری مقدار میں منشیات کی بیرون ملک اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ اے این ایف کے مطابق کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر دوران تلاشی سری لنکا سے تعلق رکھنے والے شخص سے ایک کلو 818 گرام ہیروئن برآمد ہوئی۔ ملزم نے منشیات مہارت کے ساتھ اپنے سفری بیگ میں چھپا رکھی تھی۔ ملزم

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

## گاڑیوں کی نیلامی کا عمل ایک ماہ میں مکمل ہونا چاہیے شرجیل میمن

حکومت سندھ کا گرانٹ کی گئی گاڑیاں نیلام کرنے، سرکاری ملازمین کیلئے الیکٹرک گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ، تاکہ وسائل مزید ضائع نہ ہوں

ای وی گاڑیاں خریدنے سے حکومت کو فائدہ ہوگا، حکومت عوامی وسائل کے استعمال میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے

کراچی (آئی این پی) حکومت سندھ نے گرانٹ کی گئی گاڑیاں ایک ماہ میں نیلام کرنے جبکہ کراچی کے سرکاری ملازمین کیلئے ای وی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن کی زیر صدارت سندھ کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے کفایت شعاری کا اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزرا سعید غنی، ضیاالحسن لنجار، علی حسن زرداری اور مختلف محکموں کے سیکرٹریز شریک

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر پنجاب چوہدری شافع حسین سے امریکی سرمایہ کاری کمپنی کا وفد ملاقات کررہا ہے

## لاہور، غیر ملکی خاتون سے ٹیکسی ڈرائیور کی بدتمیزی

غیر ملکی خاتون ایئرپورٹ جا رہی تھیں کہ راستے میں ٹیکسی خراب ہوگئی، پولیس

لاہور (آئی این پی) لاہور میں کرائے کے تنازع پر غیر ملکی خاتون سے ٹیکسی ڈرائیور نے بدتمیزی کی۔ ترجمان سیف سیٹیز کے مطابق غیر ملکی خاتون ٹیکسی پر ائیرپورٹ جا رہی تھیں کہ راستے میں گاڑی خراب ہوگئی۔ کرایے کے تنازع پر ٹیکسی ڈرائیور نے خاتون سے بدتمیزی کی۔ خاتون نے فیروز پور روڈ سے 15 پر کال کی۔ سیف سٹی پولیس نے کال موصول ہوتے ہی پولیس کو موقع پر روانہ کیا۔ پولیس نے غیر ملکی خاتون کو بحفاظت

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

## کے الیکٹرک کی کارکردگی پر نیپرا کی تنقید، بجلی بحران پر باز پرس، لائسنس منسوخی کی تجویز

اسلام آباد (آئی این پی) نیپرا نے کے الیکٹرک کی کارکردگی پر سخت تنقید کرتے ہوئے ادارے سے کراچی میں بجلی کے بحران پر سخت باز پرس کی ہے۔ عوامی سماعت کے دوران کراچی کے رہائشیوں، صنعتکاروں اور تاجروں نے کے الیکٹرک

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

## جی ایچ کیو حملہ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی بریت کی درخواست دائر

حکم انسداد دہشت گری کی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے جاری کیا

راولپنڈی (آئی این پی) جی ایچ کیو حملہ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی بریت کی درخواست دائر کردی گئی، کنول شوذب، راجہ ناصر، شیریں مزاری اور دیگر کی بریت کی درخواست بھی دائر کی گئی۔ درخواستوں پر 18 جنوری کے لئے استغاثہ کو نوٹس جاری کردیا گیا، وکیل مسرت جمشید چیمہ کا عدالت میں داخلہ بند، توہین عدالت کا نوٹس جاری کردیا گیا۔ عدالت نے نوٹس عدالتی کارروائی میں مداخلت، ہنگامہ آرائی، گواہوں کو

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

## پنجاب میں اسلحہ لائسنس کے معاملات آن لائن کر دیے گئے

علاوہ ازیں متعلقہ کاغذات سے لے کر قانونی فیس تک معاملات آن لائن جمع کروائے جاسکتے ہیں

لاہور (آئی این پی) پنجاب میں شہریوں کی سہولت کے لیے انفرادی اسلحہ لائسنس میں ترمیم و تبدیلی کا عمل آن لائن کر دیا گیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق شہری اسلحہ بور کی تبدیلی، کیٹیگری میں تبدیلی اور گولیوں میں اضافے کی درخواست آن لائن دے سکتے ہیں۔ اسلحہ لائسنس کی وراثتی منتقلی اور ڈپلیکیٹ لائسنس کی درخواست بھی آن لائن جمع کروائی جا سکے گی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق اسلحے کی فروخت اور پاکستان بھر میں لائسنس کی میعاد میں اضافے کی درخواست بھی آن لائن جمع

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

## ضلع شکارپور کے وائس چیئرمین نعیم علی شاہ کی جانب سے شہر کے نجی ہوٹل میں اجلاس منعقد کیا گیا

شکارپور (نامہ نگار) تحفظ سندھ آرگنائزیشن پاکستان ضلع شکارپور کے وائس چیئرمین نعیم علی شاہ کی جانب سے شہر کے نجی ہوٹل میں اجلاس منعقد کیا گیا، تفصیلات کے مطابق: تحفظ سندھ آرگنائزیشن پاکستان ضلع شکارپور کے وائس چیئرمین نعیم علی شاہ

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

## حکومتی کمیٹی مطالبات پر جو جواب دے گی وہ حتمی ہوگا رانا ثناء

حکومت نے اپوزیشن کے تحریری مطالبات کا جواب دینے کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی، کمیٹی میں تمام اتحادی، پی پی بھی شامل، حکومتی کمیٹی مطالبات پر جو جواب دے گی وہ حتمی ہوگا

پی ٹی آئی کے مطالبات پروپیگنڈے کے علاوہ کچھ نہیں، ان مطالبات کا تو کوئی جواب نہیں بنتا، پی ٹی آئی نے مطالبات کے ساتھ کسی قسم کی تفصیلات اور ڈیٹا فراہم نہیں کیا ل

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے سیاسی امور کے مشیر رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ شہباز شریف نے اپوزیشن کے تحریری مطالبات کا جواب دینے کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی۔ اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف سے مذاکرات کرنے والی حکومتی کمیٹی کے رکن رانا ثنااللہ نے سینیٹر عرفان صدیقی کے ہمراہ پریس کانفرنس میں کہا کہ ملاقات میں اپوزیشن نے چارٹر آف

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

## عمران خان نے بیرسٹر گوہر کی آرمی چیف سے ملاقات کی تصدیق کردی

اپنا سارا معاملہ آرمی چیف کے سامنے رکھ دیا ہے' دوسری جانب سے مثبت پیش رفت ہوئی' اڈیالہ جیل میں غیر رسمی گفتگو

میری آرمی چیف سے ملاقات ہوئی ہے۔ میں اور علی امین گنڈا پور دونوں آرمی چیف سے ملے۔ ملاقات ہماری پشاور میں ہوئی ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے آرمی چیف سے پشاور میں ملاقات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے اپنا سارا معاملہ آرمی چیف کے سامنے رکھ دیا ہے' دوسری جانب سے مثبت پیش رفت ہوئی ہے۔ اڈیالہ جیل میں بیرسٹر گوہر نے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میری آرمی چیف سے ملاقات ہوئی ہے۔ میں اور علی امین گنڈا پور

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے آغا خان ڈویلپمنٹ نیٹ ورک کے نمائندہ ملاقات کررہے ہیں

## دین اسلام کو پڑھانے والے ہر اعتبار سے قابلِ ستائش ہیں' مظہر سعید شاہ

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مولانا پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا ہے کہ دین اسلام کو پڑھانے والے ہر اعتبار سے قابلِ ستائش ہیں جنہوں نے اپنی زندگیوں کے روز و شب کو اللہ تبارک وتعالیٰ کے دین کی خدمت کے لیے وقف کیا ہوا ہے۔ دنیاوی و اخروی کامیابی کیلئے زندگی کے تمام مسائل میں رسول اللہ ﷺ کے طور وطریق کے مطابق عمل کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مولانا پیر محمد مظہر سعید

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

## ڈی چوک احتجاج، شہریار آفریدی کی 5 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور

اسلام آباد (آئی این پی) انسداد دہشتگردی عدالت نے ڈی چوک احتجاج کیس میں سابق وفاقی وزیر شہریار آفریدی کی 5 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور کرلی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

## اسرائیل نے حماس کے سامنے جھک کر معاہدہ کیا، حافظ نعیم الرحمٰن

یہ صرف اسرائیل کی نہیں بلکہ امریکا کی بھی شکست ہے، نیتن یاہو نے مشرق وسطیٰ کی تاریخ کی خونی جنگ کا آغاز کیا تھا

لاہور (آئی این پی) غزہ میں جنگی بندی کے معاہدے کے بعد امیر جماعتِ اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے اسرائیلی وزیرِ اعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیتن یاہو نے مشرق وسطیٰ کی تاریخ کی خونی جنگ کا آغاز کیا تھا۔ ان کا غزہ میں جنگی بندی پر ایکس پر جاری کیے گئے بیان میں کہنا ہے کہ اسرائیلی وزیرِ اعظم نیتن یاہو نے حماسلاہور (آئی این پی) غزہ میں جنگی بندی کے معاہدے کے بعد امیر جماعتِ اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے اسرائیلی وزیرِ اعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیتن یاہو نے مشرق وسطیٰ کی تاریخ کی خونی جنگ کا آغاز کیا تھا۔ ان کا غزہ میں جنگی بندی پر ایکس پر جاری کیے گئے بیان میں کہنا ہے کہ اسرائیلی وزیرِ اعظم نیتن یاہو نے حماس کو صفحہ ہستی سے مٹانے کا اعلان کیا تھا، آج اسی حماس کے سامنے جھک کر جنگ بندی کا معاہدہ کرنا پڑا ہے۔ امیر جماعتِ اسلامی نے کہا کہ یہ صرف اسرائیل کی نہیں بلکہ امریکا کی بھی شکست ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ نیتن یاہو نے مشرق وسطیٰ کی تاریخ کی خونی جنگ کا آغاز کیا تھا، آج اہلِ غزہ سرخرو ہو گئے ہیں، اس جنگ کے

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم کی کوارڈینیٹر روبینہ خورشید عالم منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہی ہیں

## شیر، چیتا، ٹائیگر، پیوما اور جیگوار رکھنے کی قانونی اجازت دیدی گئی

غروب آفتاب کے بعد جنگلاتی پیداوار کی ترسیل بھی غیر قانونی قرار

لاہور (آئی این پی) پنجاب کابینہ نے شیر، چیتا، ٹائیگر، پیوما اور جگوار رکھنے کی قانونی اجازت دیدی۔ ایک جانور رکھنے کی لائسنس فیس 50 ہزار روپے مقرر کردی گئی۔ پنجاب کابینہ کے اجلاس میں محکمہ جنگلات کے 4 نکاتی ایجنڈے اور بگ کیٹس کو وائلڈ لائف ایکٹ میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی۔ شیر، چیتا، ٹائیگر، پوما اور جگوار کو رکھنے کے لئے پہلی دفعہ قانون کے مطابق ریگولیٹ کیا گیا ہے۔ محکمہ والڈ لاف اب خود ان جانوروں کو رکھنے کے لئے قبضہ لائسنس جاری کرے گا۔ لائسنس کی فیس فی جانور 50 ہزار روپے ہوگی، ان جانوروں کو گھروں میں رکھنے کیلئے کم از کم معیار بھی مقرر کردیا گیا ہے۔ یہ جانور شہر سے باہر رکھے جاسکتے ہیں، شہر سے باہر منتقلی کے لئے وقت دیا جائیگا، خلاف ورزی پر ایف ای آر بھی درج ہوگی۔ ترمیم شدہ پنجاب فاریسٹ ٹرانزٹ رولز کے تحت اہم مقامات پر چیک پوسٹیں قائم ہوں گی۔ غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک جنگلاتی پیداوار کی ترسیل غیر قانونی قرار دیدی گئی۔ فاریسٹ آفیسرز کو قوانین کی خلاف ورزی پر ڈپو بند کرنے اور جرمانہ عائد کرنے کے اختیارات ہوگا۔ پنجاب کابینہ نے شیر، چیتا، ٹائیگر، پیوما اور جگوار رکھنے کی قانونی اجازت دیدی۔ ایک جانور رکھنے کی لائسنس فیس 50 ہزار روپے مقرر کردی گئی۔ پنجاب کابینہ کے اجلاس میں محکمہ جنگلات کے 4 نکاتی ایجنڈے اور بگ کیٹس کو وائلڈ لائف ایکٹ میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی۔ شیر، چیتا، ٹائیگر، پوما اور جگوار کو رکھنے کے لئے پہلی دفعہ قانون کے مطابق ریگولیٹ کیا گیا ہے۔ محکمہ والڈ لاف اب خود ان جانوروں کو رکھنے کے لئے قبضہ لائسنس جاری کرے گا۔ لائسنس کی فیس فی جانور 50 ہزار روپے

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

## گلوکار جواد احمد اہلیہ کے بیوٹی پارلر میں بجلی چوری پکڑے جانے پر برہم

لیسکو نے نواب ٹاؤن تھانے میں ملازمین پر تشدد اور بجلی چوری کے خلاف مقدمہ کی درخواست دی ہے

لاہور (آئی این پی) لاہور میں لیسکو کے ملازمین نے گلوکار جواد احمد کی اہلیہ کے بیوٹی پارلر میں بجلی کی چوری پکڑلی۔ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی لیسکو کے ملازمین کا کہنا ہے کہ صارف کے میٹر کا فیز ڈیڈ کیا ہوا تھا۔ جب لیسکو کے عملے نے چیکنگ کے دوران پارلر کا دورہ کیا تو سنگر جواد احمد وہاں پہنچ گئے۔ لیسکو حکام کے مطابق، جواد احمد نے ملازمین سے زبردستی میٹر چھین لیا اور میٹر ریڈر پر حملہ کر کے انہیں زردکوب کیا۔ لیسکو کے مطابق اسٹاف نے اس حوالے سے رپورٹس اعلیٰ حکام کو بھجوادی ہیں۔ لیسکو نے نواب ٹاؤن تھانے میں ملازمین پر تشدد اور بجلی چوری کے خلاف مقدمہ کی درخواست دی ہے۔ لیسکو حکام نے بتایا کہ جواد

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

## صدر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کی حریت رہنماء یاسین ملک کی خوش دامن اور مشعال حسین ملک کی والدہ کی وفات پر تعزیت

اسلام آباد (آئی این پی) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے حریت رہنماء یاسین ملک کی خوش دامن اور مشعال حسین ملک کی والدہ محترمہ ریحانہ حسین ملک کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حریت رہنماء یاسین ملک کی خوش دامن اور مشعال حسین ملک کی والدہ محترمہ ریحانہ حسین ملک (مرحومہ) کو جوار رحمت میں جگہ عطاء فرمائے

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## کامیاب مذاکرات سے سیاسی استحکام آجائیگا، پھر معاملات آگے چلیں گے، شرمیلا فاروقی

اسلام آباد (آئی این پی) رہنما پیپلز پارٹی شرمیلا فاروقی نے کہا ہے کہ مذاکرات کامیاب ہوجائیں گے تو ہم سب کو خوشی ہوگی، اس سے سیاسی استحکام آجائے گا اور پھر معاملات آگے چلیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس وقت جو بھی باتیں ہو رہی ہیں بس

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

## چینی پر 5 فیصد ڈیوٹی لگانے کا فیصلہ' ایف بی آر اور شوگر ایڈوائزری بورڈ کی مشترکہ کمیٹی قائم

ایکس فیکٹری ڈیوٹی کی بنیاد پر فی کلوگرام قیمت میں اضافہ تصور کیا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے چینی پر 5 فیصد ڈیوٹی ڈیوٹی لگانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اس مقصد کیلئے ایف بی آر اور شوگر ایڈوائزری بورڈ کی مشترکہ کمیٹی بنادی ہے۔ کمیٹی کو فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی لگانے کا مینڈیٹ دیا گیا ہے۔ یہ ڈیوٹی ایک فیکٹری ٹریسل کی بنیاد پر لگائی جائے گی۔ ایکس فیکٹری ڈیوٹی کی بنیاد پر فی کلوگرام قیمت میں اضافہ تصور کیا جائے گا۔ اس اضافے کی بنیاد پر سیلز ٹیکس میں اضافہ حاصل کیا جائے

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

## قومی صوبائی اور ضلعی سطح پر موسمیاتی حکمت عملی کے نفاذ کو اپنایا جانا چاہئے، روبینہ خورشید

قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے وسائل کی کمی کا سامنا ہے، موسمیاتی آفات سے تحفظ کی تیاری اور بحالی کے لیے عالمی مالی امداد کی ضرورت ہے

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے طویل مدتی منصوبوں پر کام کررہے ہیں، موسمیاتی تبدیلی سے متاثر زرعی شعبے کو بچانے کے لئے فوری اقدامات کرنے ہوں گے

اسلام آباد (اے پی پی): وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی روبینہ اور ماحولیاتی رابطہ خورشید عالم نے قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے قومی موسمیاتی رسک مینجمنٹ حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی، صوبائی اور ضلعی سطح پر موسمیاتی حکمت عملی کے نفاذ کو اپنایا جانا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں ''انسانی مستقبل'' کے

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

## آئی این اے کا چوتھی مرتبہ ٹول ریٹ میں اضافے کا عندیہ

اسلام آباد (آئی این پی) سینیٹ کی اقتصادی امور ڈویژن کمیٹی کے چیئرمین نے کہا ہے کہ بیوروکریسی ہمیں گھمانے کی کوشش کرتی ہے، ہم کوئی جاہل تھوڑی ہیں۔ اجلاس کے دوران چیئرمین اقتصادی امور ڈویژن کمیٹی نے کہا ہے کہ کوریا بھائی ہے، قرض دیتا ہے لیکن یہ نہیں ہوسکتا کہ اپنی کمپنیوں کو فل ریٹ پر ہائر کرے، کمیٹی کا ٹائم ضائع کیا جارہا ہے۔ جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ کوریا کو بتایا جائے کہ اس طرح کے ایگری منٹ سیہمارا آئین متاثر ہوتا ہے۔ سینیٹر ہدایت اللہ نے کہا کہ میں اس کمیٹی سے جارہا ہوں یہاں بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے، این ایچ اے نے ٹول پلازوں کے 6 ماہ میں 3 بار ریٹ بڑھادیے ہیں۔ نیشل ہائی اتھارٹی کے حکام نے اس موقع پر وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ 2018 میں این ایچ اے نے ٹول ریٹ بڑھائے

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

## وفاقی وزیر خزانہ سے جاپان کے سفیر کی ملاقات

پاکستان جاپان اور دیگر ترقیاتی شراکت داروں کے اعتماد اور ساکھ کو برقرار رکھنے کے لئے پرعزم ہے، سینیٹر محمد اورنگزیب کی جاپان کے سفیر سے ملاقات میں گفتگو

حکومت اپنی اصلاحاتی ایجنڈے کو جاری رکھنے کے لئے پرعزم ہے، اور آبادی میں تیزی سے اضافہ اور ماحولیاتی تبدیلیوں جیسے اہم مسائل کے حل پر توجہ دی جارہی ہے

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے جاپانی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں مزید سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان جاپان سمیت دوطرفہ اور کثیر الجہتی ترقیاتی شراکت داروں کے اعتماد اور ساکھ کو برقرار رکھنے میں پرعزم ہے، جاپان کی سفارتی، اقتصادی، اور تکنیکی مدد پر شکر گزار ہیں۔ انہوں

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

## رواں مالی سال کے ابتدائی 5 ماہ، لارج اسکیل مینوفیکچرنگ کی گروتھ منفی ریکارڈ

وفاقی ادارہ شماریات نے بڑی صنعتوں کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی ادارہ شماریات نے بڑی صنعتوں کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی۔ پہلے 5 ماہ میں لارج اسکیل

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

پشاور، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## آئی فراز چوہدری کا نام ای سی ایل میں ہونے کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر

عدالت سے نام ای سی ایل اور کسی بھی سفری پابندی سے نام نکالنے کی استدعا

اسلام آباد (آن لائن) سابق ڈسٹرکٹ جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی فراز چوہدری کا نام ای سی ایل میں ہونے کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر ترقی ومنصوبہ بندی احسن اقبال سے غیر ملکی وفد ملاقات کررہے ہیں

## گدون ٹیکسٹائل ملز نے کپاس کی کم پیداوار کے باوجود مضبوط کارکردگی دکھائی: ویلتھ پاک

اسلام آباد (آئی این پی) کپاس کی پیداوار میں کمی کے باوجود گدون ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ نے رواں مالی سال 25-2024 کی پہلی سہ ماہی کے دوران مضبوط کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ویلتھ پاک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن نے گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 18 اکتوبر 2024 تک کپاس کی پیداوار میں 48 فیصد کی زبردست کمی کی اطلاع دی۔ اس عرصے کے دوران جننگ فیکٹریوں کو صرف 3.1 ملین گانٹھوں کے بیج موصول ہوئے جو پچھلے سال کی اسی مدت میں 5.99 ملین گانٹھوں کے مقابلے میں زبردست کمی ہے۔ اس کمی سے مقامی کپاس کی قیمتوں میں اضافے کی توقع ہے، معیشت پر اضافی دباو پڑے گا اور طلب کو پورا کرنے کے لیے درآمدات کی ضرورت میں اضافہ ہوگا۔ گدون

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

## گلوکار جواد احمد اہلیہ کے بیوٹی پارلر میں بجلی چوری پکڑے جانے پر برہم

لیسکو نے نواب ٹاؤن تھانے میں ملازمین پر تشدد اور بجلی چوری کے خلاف مقدمہ کی درخواست دی ہے

لاہور (آئی این پی) لاہور میں لیسکو کے ملازمین نے گلوکار جواد احمد کی اہلیہ کے بیوٹی پارلر میں بجلی کی چوری پکڑلی۔ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی لیسکو کے ملازمین کا کہنا ہے کہ صارف کے میٹر کا فیز ڈیڈ کیا ہوا تھا۔ جب لیسکو کے عملے نے چیکنگ کے دوران پارلر کا دورہ کیا تو سنگر جواد احمد وہاں پہنچ گئے۔ لیسکو حکام کے مطابق، جواد احمد نے ملازمین سے زبردستی میٹر چھین لیا اور میٹر ریڈر پر حملہ کر کے انہیں زردکوب کیا۔ لیسکو کے مطابق اسٹاف نے اس حوالے سے رپورٹس اعلیٰ حکام کو بھجوادی ہیں۔ لیسکو نے نواب ٹاؤن تھانے میں ملازمین پر تشدد اور بجلی چوری کے خلاف مقدمہ کی درخواست دی ہے۔ لیسکو حکام نے بتایا کہ جواد

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

# اہل سیاست ملکی ترقی پر غور کریں

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی ایکسٹینشن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی میں کونسل کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، اس کی کارکردگی نے ناقدین کے منہ بند کر دیئے ہیں، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے سرمایہ کاروں نے بھی ایس آئی ایف سی پر اعتماد اور یقین کا اظہار کیا ہے، دونوں ممالک سے آنے والی سرمایہ کاری بھی اسی کے ذریعے پاکستان آ رہی ہے، ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ میں حائل کوئی سرخ فیتہ برداشت نہیں، کونسل میں صرف فوجی افسروں کے نام نہیں بلکہ سب مل کر کام کر رہے ہیں، ملکی ترقی اور خوشحالی کے لئے جو بھی کام کرے گا وہ ان کے سر کا تاج ہوگا لیکن سست روی دکھانے والا ان کی ٹیم کا حصہ نہیں ہوگا۔ ان جہوں نے مزید کہا کہ کروڑوں میں تبدیل ہوا اور اب تجارتی اور معاشی تعاون کو اہمیت دے رہے ہیں، کوئی جادو نہ ساتھ نہیں دے گا، ملک سست سے اگے بڑھے گا، کانوں سے گزرنا ہوگا، یہ کٹھن سفر ہے لیکن ترقی اور خوشحالی کی منزل حاصل کرنا ہے، بہت جلد اپنے اہداف کو حاصل کر لیں گے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ زرعی ملک کی پیداوار بڑھانے کے لیے محنت کرنا ہوگی، نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) میں مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، ملک میں ماربین کا فقدان ہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی 100 فیصد ڈیجیٹلائزیشن کیلئے ٹیم ہارٹ کر لی ہے، حقیقت یہ ہے کہ دو کروڑ نہیں کھربوں روپے کے خزانے پاکستان میں دفن ہیں لیکن ان کا قوم کو کوئی فائدہ نہیں ہوا، انہیں استعمال میں لانا ہے، رکھ کے منصوبے پر ایس آئی ایف سے شاندار کام کیا۔ اجلاس میں دوست ممالک کی سرمایہ کاری پر ایک رپورٹ بھی پیش کی گئی جبکہ شرکاء کو کلی سیکورٹی کی صورتحال سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کے بعد جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق آری چیف نے ملک کی معاشی خوشحالی اور عوام کی سماجی و اقتصادی بہبود کے لیے حکومتی اقدامات میں قدم سے قدم ملانے کے لیے پاک فوج کے پختہ عزم کی یقین دہانی کرائی۔ سیشن انوسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) پی ڈی ایم کے دور حکومت میں بنائی گئی تھی، اس کا بنیادی مقصد غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور ملک کی اقتصادی ترقی کو تحریک دینا ہے۔ اس کونسل میں تمام صوبائی وزرائے اعلیٰ اور آری چیف شامل ہیں۔ اس کی تین کمیٹیاں ہیں، ایکسیز، جلاس عاملہ اور عملدرآمد کمیٹی، جن میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے نمائندوں کی کثیر تعداد موجود ہے۔ گزشتہ سال جولائی میں حکومت نے ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے پاکستان انوسٹمنٹ پالیسی (پی آئی پی) 2023ء کی منظوری دے دی تھی جس کے تحت پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے موزوں ماحول فراہم کرنے کے لئے بہترین طریقہ کار رائج کرنا منظور تھا۔ ایس آئی ایف سی نے سرمایہ کاری پالیسی بیک سیسٹ کی بین الاقوامی مالیاتی اداروں، صوبائی اور وفاقی اداروں کی مشاورت سے تیاری کی تھی جس کی منظوری وفاقی کابینہ سے سرکولیشن کے ذریعے دی گئی تھی۔ اس پالیسی میں آئندہ چند سالوں میں ملک میں 20 سے 25 ارب ڈالر تک کی سرمایہ کاری لانے کا ہدف طے کیا گیا تھا۔ پالیسی چار اہم بنیادی نکات پر مشتمل تھی، جس میں کاروباری لاگت کم کرنا، کاروباری عمل کو ہموار کرنا، صنعتی کلسٹرز اور خصوصی اقتصادی زونز کی تشکیل کے ذریعے کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ تجارت، صنعتی اور مالیاتی پالیسیوں کے درمیان ہم آہنگی و فروغ دینا شامل تھا۔ پی آئی پی کے تحت غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے ایم ایف ایکویٹی کی پابندی بھی ختم کر دی گئی تھی جبکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو خصوصی تحفظ فراہم کرنے کے علاوہ اپنا پورا منافع اپنی کرنسی میں بیرون ملک بھیجنے کی اجازت بھی دے دی گئی تھی، ساتھ ہی ساتھ ان نہیں نہ صرف زمین لیز کرانے کی آزادی بلکہ اپنی زمین بنا کسی پابندی اور حد کے کسی کو بھی منتقل کرنے کی اجازت بھی دے دی گئی تھی۔ اسی طرح غیر ملکی رئیل اسٹیٹ ڈیولپرز پر سے بھی پابندی ہٹا دی گئی تھی۔ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو زرعی منصوبوں میں 60 فیصد حصص اور کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ میں 100 فیصد ایکویٹی رکھنے کی اجازت دی گئی تھی۔ گزشتہ چند ماہ سے ایس آئی ایف سی کے کردار پر تنقید کی جا رہی تھی، بعض حلقوں کا کہنا تھا کہ ملک میں اس طرح سرمایہ کاری نہیں آئی جس کے دعوے کیے جا رہے تھے باوجود اس کے کہ رواں سال جنوری کے دوران ہونے والے ورلڈ اکنامک فورم میں پاکستان اور دبئی کے درمیان ریلوے، اقتصادی زونوں اور انفراسٹرکچر میں تعاون کے لیے تین ارب ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کے دو معاہدوں پر دستخط ہوئے تھے، موجودہ حکومت آنے کے محض تین ماہ کے اندر سعودی عرب سے پانچ ارب ڈالر جبکہ متحدہ عرب امارات سے دس ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی خبریں منظر عام پر آچکی ہیں۔ ایس آئی ایف سی کے قیام کے وقت مختلف ممالک اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) سمیت دیگر مالیاتی اداروں کی تحفظات تھے جنہیں دور کیا جا چکا ہے لیکن پھر بھی مخالفین اس پر تنقید کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ چند روز قبل جنرل آئی کے سرمایہ کاری کو شہ 50 سال کی کم ترین سطح پر رہی ہے، اس کا ہدف اگرچہ 15.1 فیصد مقرر کیا گیا تھا تاہم یہ محض 13.5 فیصد ہی جبکہ آخری بار 1973-74 کے مالی سال کے دوران سرمایہ کاری کی شرح 13.2 فیصد دیکھی گئی تھی، اس خبر کو لے کر کافی پراپیگنڈہ کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) آئی ایس پی آر نے اپنی حالیہ پریس کانفرنس میں واضح کیا تھا کہ فوجی قیادت کونسل میں شمولیت کا مقصد اس پر تنقید کرنا نہیں بلکہ مدد فراہم کرنا ہے اور وزیراعظم کا بھی کہنا تھا کہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے سرمایہ کاری لانے میں عسکری قیادت کا کردار قابل تعریف رہا ہے۔ اس اجلاس کے اگلے ہی روز یعنی اتوار کو سامنے آنے والی ایک خبر کے مطابق خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی کوششوں سے اپریل کے مہینے میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق جنوری کا اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں ایف ڈی آئی اپریل 2024 میں 13 کروڑ 19 لاکھ ڈالر سے بڑھ کر 35 کروڑ 88 لاکھ ڈالر ہوگئی اور یہ اضافہ قریباً 172 فیصد بنتا ہے۔ مرکزی بینک کے مطابق گزشتہ 15 ماہ میں یہ سب سے بڑی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ہے جبکہ ماہانہ بنیادوں پر کئے گئے موازنے کی بنیاد پر بیرونی سرمایہ کاری میں 39 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی 10 ماہ (جولائی تا اپریل) کے دوران ایف ڈی آئی 1.4 ارب ڈالر ہوگئی جو مالی سال 2023 کی اسی مدت کے دوران 1.35 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئی تھی، جبکہ 17 کروڑ 73 لاکھ ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے ساتھ سرفہرست رہا جبکہ متحدہ عرب امارات 5 کروڑ 19 لاکھ ڈالر کے ساتھ دوسرے اور کینیڈا 5 کروڑ 18 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ اڑ میدہ ہے کہ آنے والے ماہ و سال میں ایف ڈی آئی کی شرح بلند سے بلند تر ہوتی جائے گی، معیشت درست سمت میں گامزن ہے، اڑ ص کے نتائج بھی آنا شروع ہو چکے ہیں، مہنگائی میں تھوڑی کمی آنا شروع ہوئی ہے، دیگر معاشی اشارے بھی مثبت ہیں۔ لیکن جب تک سیاسی استحکام نہیں آ جاتا اور تمام سیاسی جماعتیں مل کر ملک کو آگے بڑھانے کے لئے کام نہیں کریں گی تب تک عام آدمی کو سکون نصیب نہیں ہوگا۔ اہل سیاست کو چاہئے کہ ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے، الزام تراشی اور کردار کشی پر اپنی توانائیاں ضائع کرنے کی بجائے ملکی ترقی میں ہاتھ بٹائیں۔ پراپیگنڈے کی بنیاد پر عوام میں مزید تقسیم، بے یقینی اور بے اعتمادی پھیلانے سے کسی کا بھلا نہیں ہوگا بلکہ صرف اور صرف نقصان ہی ہوگا۔

## سونا عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں آج پھر مہنگا ہوگیا

کراچی (آئی این پی) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتوں میں آج پھر اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت میں 13 ڈالر کا اضافہ ہونے سے نئی عالمی قیمت 2703 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی جمعرات کو 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 1400 روپے کے اضافے سے 282200 روپے اور فی 10 گرام سونے کی قیمت بھی 1200 روپے کے اضافے سے 241941 روپے کی سطح پر آ گئی۔ علاوہ ازیں ملک میں فی تولہ چاندی کی قیمت 83 روپے کے اضافے سے 3433 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 71 روپے کے اضافے سے 2943 روپے کی سطح پر آ گئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی سونے کی قیمتوں میں اضافہ ہوا تھا، جس کے مطابق عالمی قیمت میں 29 ڈالر فی اونس اور مقامی سطح پر 2900 روپے فی تولہ سونا مہنگا ہوگیا تھا۔ عالمی

## پاکستان میں بولی وڈ فلموں پر بھارت نے پابندی لگا رکھی ہے، فلم ساز ابو علیحہ

لاہور (آن لائن) معتبل فلم ساز ابو علیحہ نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان میں بولی وڈ فلموں کی نمائش پر پابندی پاکستانی حکومت نے نہیں بلکہ بھارتی حکومت نے لگا رکھی ہے۔ ابو علیحہ نے جاں ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے ملک میں سینما انڈسٹری کی بدحالی پر بات کی۔ فلم ساز کا دعویٰ تھا کہ پاکستان میں بھارتی فلموں کی نمائش سے متعلق عوام کو یہ نہیں بتایا جاتا اور عوام فلم سازوں سے مطالبہ کر رہا ہوتا ہے کہ بولی وڈ فلموں کی نمائش کی جائے۔ ان کے مطابق پاکستان میں اب جو بھارتی پنجابی فلمیں ریلیز ہوتی ہیں، ان کے پروڈیوسر اور ڈسٹری بیوٹرز بھارتی نہیں ہوتے۔ ان کا کہنا تھا کہ عام طور پر بھارتی پنجابی فلموں کے پروڈیوسرز دوبئی کے ڈسٹری بیوٹرز بھارتوں یا کینیڈا کے ہوتے ہیں، جس میں سے ان کی فلمیں پاکستان میں بھی ریلیز ہوتی ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ پاکستان میں بولی وڈ فلموں کی نمائش پر پابندی سے متعلق عوام کو یہ نہیں بتایا جاتا تاہم پوری کاروباری برادری کو علم ہے کہ پابندی پاکستان نے نہیں بھارت نے لگائی۔ ابو علیحہ کا کہنا تھا کہ بھارتی حکومت نے یہ پابندی لگائی جبکہ کوئی بھی پاکستانی وہاں کام نہیں کر سکے گا، وہاں کی فلموں میں کوئی پاکستانی فنکار کام نہیں کیا جاتا گیا اور وہ اپنی فلمیں پاکستان بھیجے گا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بھارت کی جانب

## تحریک انصاف حکومت کے جواب سے مطمئن ہوئی تو مذاکرات آگے چلیں گے، عرفان صدیقی

**حکومت بھی تحریک انصاف کے مطالبات کا تحریری جواب دیگی، 31 جنوری کی ڈیڈ لائن سے آگے بھی جایا جا سکتا ہے**

